نیویارک فاؤنڈیشن برائے آرٹس (این وائی ایف اے) نیویارک سٹی ڈیپارٹمنٹ برائے ثقافتی امور (ڈی سی ایل اے) کے ساتھ شراکت پر بیحد ممنون ومسرور ہے کہ وہ میئر آفس آف میڈیا وانٹرٹینمنٹ (مووم) کے ساتھ ساتھ کوئینز تھیٹر کے تعاون سے، *سٹی آرٹسٹ کورپس گرانٹس* کا آغاز کرنے جا رہا ہے۔

*سٹی آرٹسٹ کورپس گرانٹس* *سٹی آرٹسٹ کوپس* کا حصہ ہے، *یہ 25 ملین کا ایک ریکوری آغاز ہے* جو کہ ان فنکاروں کے لئے مختص کیا گیا ہے جو وبائی امراض کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں یا جو دیگر مقامی ووفاقی فنڈنگ کے مواقعوں سے محروم ہو گئے ہیں.

*سٹی آرٹسٹ کارپس گرانٹس* کا مقصد این وائی سی سے منسلک کام کرنے والے فنکاروں کی مدد کرنا ہے جو کووڈ-19 کی وجہ سے کافی متاثر ہوئے ہیں۔ یہ پروگرام جولائی کے موسم گرما سے شروع ہورہا ہے نیو یارک شہر کے پانچ شہروں میں اپنی مشق کو برقرار رکھنے اور عوام کو مشغول رکھنے کے لئے 3000 سے زائد فنکاروں کو وقتی طور پر 5000 ڈالر کا گرانٹ تقسیم کیا جائیگا. کسی بھی شعبے میں کام کرنے والے فنکار درخواست دینے کے اہل ہیں۔

*سٹی آرٹسٹ کارپس گرانٹس* کی درخواستوں اور گرانٹ کے اعلانات گرمیوں میں مختلف دورانیوں میں چلیں گے۔ تمام دورانیوں کے لئے، فنکاروں کی اہلیت کو پرکھا جائیگا اور گرانٹ وصول کنندگان کا انتخاب لاٹری کے ذریعہ کیا جائے گا۔

*سٹی آرٹسٹ کارپس گرانٹس کا* تعاون ری گرانٹ اور آرٹ سروس تنظیموں کے ساتھ شراکت میں کیا جاتا ہے تاکہ وہ رسائی کو آگے بڑھا سکیں، اور ممکنہ درخواست دہندگان کے لئے تکنیکی مدد فراہم کر سکیں، اور شہر کی متنوع ثقافتی برادریوں کو گرانٹ سلیکشن کے عمل سے آگاہ کریں۔

شراکت داروں میں شامل ہیں: ایشین امریکن آرٹس الائنس، اے آر ٹی / نیویارک، بلیک پبلک میڈیا، بروکلین آرٹس کونسل، برونکس کونسل آن آرٹس، برونکس دستاویزی سنٹر، ڈانس / این وائی سی، فائر لائٹ میڈیا، فلشنگ ٹاؤن ہال، انڈی تھیٹر فنڈ، لوئر مین ہیٹن ثقافتی کونسل (ایل ایم سی سی)، میکر اسپیس این وائی سی، نیا میوزک یو ایس اے، شعرا وادباء اور اسٹاٹین آئلینڈ آرٹس۔

*سٹی آرٹسٹ کور گرانٹس* کے ذریعہ تمام گرانٹ کے مواقع میں ایک جیسے ہی معیار کی پیروی ہوگی:

- مجوزہ تخلیقی مشغولیت سرگرمی:
  - کسی فن یا تخلیقی توجہ ہونا ضروری ہے
  - لائیو اور شخصی طور پر پیش کیا جانا ضروری ہے
    - معذور فنکاروں اور / یا جو امراض کے کم مدافعتی فنکار ہیں جنکے لئے لائیو ذاتی کارکردگی میں مشغول ہونا غیر محفوظ ہے تو وہ لوگ بھی لائیو ڈیجیٹل تخلیقی مصروفیت سرگرمیوں میں حصّہ لے سکتے ہیں، ہم انکا استقبال کرتے ہیں.
  - نیویارک میں ہونا ضروری ہے (پانچ علاقوں میں سے کسی میں بھی)
  - عوام کے لئے فری ہونا چاہئے۔ ٹکٹ والے پروگرام اہل ہیں، لیکن تمام ٹکٹ مفت ہونے چاہئے۔
  - گھر کے اندر یا باہر کہیں بھی ہوسکتا ہے
- فنکار ایک سے زیادہ سرگرمیاں پیش کرسکتے ہیں لیکن صرف 5،000 ڈالر کی گرانٹ ہی دی جائے گی
- گزارش ہے کہ گرانٹ کا کچھ حصہ فنکار کی فیس کی امداد کے لئے استعمال کیا جائے، درخواست دینے والے فنکار اور کسی دوسرے فنکار کے لئے جو اس سرگرمی کو انجام دینے میں مدد کر رہا ہو
- فنکار پنڈال کے ساتھ شراکت کا انتخاب کرسکتے ہیں یا خود ہی پیش کرسکتے ہیں
- سرگرمی کے دوران کم از کم 2 تصویروں کے ساتھ دستاویز بنانا لازمی ہے سرگرمی مکمل ہونے کے بعد حاضرین کی شرکت کے اندراج کے ساتھ ساتھ ان دونوں فوٹو کو فائنل رپورٹ میں پیش کرنا ضروری ہے
- تخلیقی مصروفیات میں نیا کام کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ پہلے سے موجود کاموں / شوز / نمائشوں کی بحالی کرسکتے ہیں۔
- سرگرمیوں کے اسکے معیار پر کھرا اترنے کی صورت میں، *سٹی آرٹسٹ کورپس گرانٹس* کا استعمال 10 جولائی سے 31 اکتوبر 2021 کی تاریخوں کے درمیان نیویارک میں موسم گرما میں ہونے والی پہلے سے قائم تمام سرگرمیوں کی تکمیل کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

مشغولیت کی اہل تخلیقی اقسام میں درج ذیل شامل ہوسکتے ہیں:

- لائیو موسیقی، رقص، تھیٹر، ادب پڑھنے کی کارکردگی

- کمیونٹی کے ارکان کے ساتھ ذاتی آرٹ سازی ورکشاپ
- کسی فلم یا دیگر میڈیا کے کام کی عوامی سطح پر اسکریننگ
- کمیونٹی سینٹر یا دیگر عوامی یا نجی مقام میں کوئی آرٹ نمائش (بشمول اپارٹمنٹ گیلری سیٹ اپ)
- ایک لائیو آرٹ تجربہ جیسے دیوار کی پینٹنگ
- پہلے سے قائم یا تخلیقی مرکوز پروگرام جس کے موسم گرما میں ہونے کا منصوبہ ہے
- اوپر کے تمام پروگرام کو آزادانہ طور پر شیڈول کیا جا سکتا ہے یا موجودہ تہوار یا پروگرام جو پہلے سے ہی گرمیوں کے لئے شیڈول ہیں اسکو اس پروگرام کے تحت شامل کیا جا سکتا ہے.

**گرانٹ سے متعلق درخواستوں کی تواریخ**
تخلیقی مشغولیت کی سرگرمیاں اتوار 31 اکتوبر 2021 تک مکمل کی جانی چاہئے

***درخواست سائیکل 1***
***10جولائی سے 31 اکتوبر 2021 تک کی مصروفیات***
***کھلا:*** *منگل 8 جون صبح 10:00 بجے*
***بند:*** *منگل، 22 جون، صبح 10:00 بجے*
***وصول کنندگان کو مطلع کیا گیا*** *:جمعہ 2 جولائی*

---

***ایپلی کیشن سائیکل 2***
***20اگست سے 31 اکتوبر 2021 تک کی مصروفیات***
***کھلا:*** *منگل، 6 جولائی صبح 10:00 بجے*
***بند:*** *منگل، 20 جولائی صبح 10:00 بجے*
***وصول کنندگان کو مطلع کیا گیا:*** *پیر، 2 اگست*

---

***درخواست سائیکل 3***
***3 ستمبر سے 31 اکتوبر تک کی مصروفیات***
**کھلا :** منگل، 27 جولائی ، صبح 10:00 بجے
***بند:*** منگل، 10 اگست صبح 10:00 بجے
**وصول کنندگان کو مطلع کیا گیا:** بدھ، 25 اگست

**کون درخواست دے سکتا ہے؟**

- درخواست دہندگان کو لازمی طور پر نیو یارک سٹی (5 بورو) کے موجودہ رہائشی ہونے چاہئیں اور جنوری 2020 سے مستقل رہائش پذیر ہوں۔
- درخواست دہندگان کو کسی بھی تخلیقی نظم و ضبط میں مستقل، جاری تخلیقی عمل کے حامل فن کار ہونے چاہئیں
- درخواست دہندگان کو لازمی طور پر گذشتہ 2 سال (2019 اور / یا 2020) میں کسی بھی وقت سے اپنے تخلیقی عمل کی دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی۔
- درخواست دہندگان کو لازمی طور پر تخلیقی عوامی مشغولیت کی سرگرمی کے ساتھ درخواست دینا ہوگی جو مذکورہ بالا معیار پر پورا کھرا اترے۔ درخواست دہندگان کسی ایسی سرگرمی کے ساتھ درخواست دے سکتے ہیں جس کی ابھی تک تصدیق نہیں کی جاسکتی ہے (پیش کرنے کی تاریخ اور مقام کے لحاظ سے)۔
- فنکار ہر سائیکل میں صرف ایک بار درخواست دے سکتے ہیں اور *سٹی آرٹسٹ کورپس گرانٹس* پروگرام کے ذریعے صرف ایک (1) گرانٹ حاصل کرسکتے ہیں۔
- درخواست دہندگان 2020/2021 کے کووڈ-19 ایمرجنسی گرانٹ سمیت این وائی ایف اے کے کسی بھی گرانٹ پروگرام کا گذشتہ وصول کنندہ ہوسکتے ہیں۔

- درخواست دہندگان کو لازمی طور پر W-9 سوشل سیکیورٹی نمبر (SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندگان کی شناخت نمبر (ITIN) یا EIN (انتخاب کے بعد) فراہم کرنا ہوگا۔
- 8 جون 2021 سے لیکر درخواست دہندگان کے 21 سال یا اس سے بڑی عمر کا ہونا لازمی ہے
- خاندان کے ایک رکن، دوست یا کوئی مدد کرنے والا شخص فنکار کی طرف سے جو درخواست مکمل کرنے سے قاصر ہے وہ درخواست دے سکتا ہے۔
- درخواست دہندگان کو ڈگری حاصل کرنے والے پروگرام میں اندراج نہیں کیا جاسکتا
- درخواست دہندگان این وائی ایف اے، نیویارک *سٹی*، یا *سٹی آرٹسٹ کورپس گرانٹس* پروگرام کی مدد کرنے والی کوئی شراکت دار تنظیم کا ملازم نہیں ہونا چاہئے۔ اس میں ان تنظیموں کے بورڈ ممبران یا درج کن فیملی ممبر شامل ہیں۔

**نوٹ:**

- تمام فنڈز کی فراہمی تخلیقی مشغولیت کی سرگرمیاں 10 جولائی اور 31 اکتوبر 2021 کے درمیان ہونی چاہئے
- تمام گرانٹ وصول کنندگان کو 12 نومبر، 2021 تک فائنل رپورٹ جمع کرانا لازمی ہوگا
- تکمیل اور اہلیت کے لئے ایپلی کیشنز کا جائزہ لینے کے بعد، پاس درخواست دہندگان کا ایک لاٹری کے عمل کے ذریعے فنڈنگ کے لئے منتخب کیا جائے گا
- سائیکل 1 میں غیر منتخب ہونے والی تمام اہل عوامی مصروفیات کی سرگرمیاں (سرگرمی کی تاریخوں کو آگے کئے جانے کے لائق ہونے کی صورت میں) انتخاب کے لئے خود بخود آئندہ سائیکل لاٹری میں رکھی جائیں گی۔ درخواست گزار کو نیا درخواست فارم بھرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- فنڈڈ تخلیقی مصروفیت کی سرگرمی کے محل وقوع کے ساتھ ساتھ، درخواست گزار کا نام پروگرام کے پورے عرصے میں، این وائی ایف اے یا سٹی کے ذریعہ عام کیا جاسکتا ہے۔
- فنڈ کو 2 قسطوں میں تقسیم کیا جائے گا:
  - قسط اول 4،000 ڈالر - انتخاب پر
  - قسط دوم 1000 ڈالر - فائنل رپورٹ کی کامیاب تکمیل پر۔
- تمام فنڈڈ تخلیقی مصروفیات کی سرگرمیوں کو سرگرمی کے دوران کم سے کم 2 تصاویر کے ساتھ دستاویزی صورت دیکر فائنل رپورٹ میں دینا لازمی ہے۔